© rasailojaraid.com



# یہ حلب ہے میرے مہرباں

سید محمد معاویہ بخاری

شام کے شہر حلب پر جو قیامتیں ٹوٹی ہیں اس پر دل بہت دکھا عجیب نا گفتہ بہ کیفیت ہے۔ میں شعر کہنے کے ہنر سے بالکل نا آشنا ہوں بس یونہی جی چاہا کہ جو دل میں ہے اسے لکھ ڈالوں چناں چہ ایک جسارت کر ڈالی معلوم نہیں آپکو یہ بدتمیزی کیسی لگے۔(محمد معاویہ)16ر دسمبر 2016ء

یہ حلب ہے میرے مہرباں
جہاں پہ ہیں وہ رواں دواں
وہ جو در بدر سے ہیں قافلے
ہے تلاش جنکو اماں کی
----------
یہ وہی تو ہیں میرے مہرباں
نہیں جنکے پاس کوئی زادِ راہ
اک سوختہ جاں ہے بچی ہوئی
جسے لے کیوہ ہیں نکل پڑے
------------
یہاں سارا شہر ہی مدفون ہے
یہاں ہر طرف ھی تو خون ہے
میں یہاں ہوں مجھے مار دو
ایک نہتی بیٹی کا یہ فون ہے
------------
کہاں گئے ہیں وہ کلمہ گو
جنہیں کہتے ہیں امت مسلمہ
میرے حلب پر میرے قلب پر
جو قیامتیں تھیں گذر گئیں
-----------
یہاں بٹ رہی ہیں مسرتیں
ہر ظاہر و خفیہ مقام پر
وہاں قتل ہوئی ہے انسانیت
یہاں جشنِ فتح مبین ہے
----------
مجھے کشمیریوں نے جگا دیا
مجھے برمیوں نے رولا دیا
میں غزہ کے لیے ہوں مضطرب
مجھے حلبِ شام بھی عزیز ہے
----------



© rasailojaraid.com